بینک دولت پاکستان

شعبۂ مبادلہ پالیسی

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 05 برائے 2020ء — **19 مارچ 2020ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

زرِمبادلہ کے تمام مجاز ڈیلرز

محترم / محترمہ،

<u>بر آمد کنندگان کی جانب سے شپنگ دستاویزات تیار کرنے اور بھیجنے کی ہدایات پر نظر ثانی</u>

مذکورہ بالا موضوع پر مجاز ڈیلرز کی توجہ فارن ایکسچینج مینوئل کے پیرا 11اے باب 12 کی جانب مبذول کروائی جاتی ہے۔

2۔ برآمد کنندگان کی سہولت کے لیے، مذکورہ بالا پیراگراف میں شامل ہدایات میں ترمیم کی گئی ہے۔ چنانچہ، فارن ایکسچینج مینوئل کے پیرا 11اے باب 12 میں موجود ہدایات کی جگہ مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا:

<u>پیرا 11اے–شپنگ دستاویزات تیار کرنا اور درآمد کنندگان کو براہ راست بھیجنا</u>

پیرا 11 کی ہدایات سے بطور استثنا، مجاز ڈیلر یہ اجازت دے سکتے ہیں کہ برآمد کنندگان، غیر ملکی درآمد کنندگان کے نام پر شپنگ دستاویزات تیار کرنے اور حتمی منزل (final destination) کے ملک میں براہ راست غیر ملکی مرسل الیہ یا ان کے ایجنٹوں کو بھیج دیں۔ اس کے لیے انہیں ضمیمہ وی 12-اے کے مطابق کیریئرز (بحری جہاز، ایئرلائنز ،ٹرک، ریلوے وغیرہ) کے لیے مندرجہ ذیل شرائط وضوابط کے تحت سرٹیفکیٹ جاری کرنا ہوگا:

i کسی برآمد کنندہ کے برآمدی واجبات گذشتہ برس کی برآمدات کے 5 فیصد سے زیادہ نہیں ہونا چاہئیں۔

ii برآمد کنندگان کی جانب سے بھیجے جانے والے برآمدی سامان کی مالیت درج ذیل حدود کے مطابق ہونا چاہیے:

معیارات	قاطع تاریخ (سہ ماہی کے اختتام) پر برآمدی واجبات گذشتہ مالی سال میں حاصل ہونے والی برآمدی آمدنی کے فیصد کے طور پر	ایک فیصد تک	ایک فیصد سے زائد اور 3 فیصد تک	3 فیصد سے زائد اور 5 فیصد تک
	پچھلے تین برسوں کے دوران کم سے کم حاصل ہونے والی برآمدی آمدنی ڈالر یا اس کے مساوی دیگر کرنسیوں میں	5 ملین	ڈھائی ملین	دولاکھ 50 ہزار ڈالر
برآمدی سامان کی مالیت ڈالر میں یا اس کے مساوی دیگر کرنسیوں میں بشرطیکہ مذکورہ بالا معیارات (دونوں شرائط) کی تکمیل ہو۔		کوئی حد نہیں	1 ملین تک	5 لاکھ تک

iii اس سہولت سے فائدہ اٹھانے والے برآمد کنندگان مجاز ڈیلر کو مقررہ فارمیٹ (ضمیمہ وی-12بی) پر ایک سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ہوگا جس میں سہ ماہی کے اختتام پر بقایا برآمدی بلز کی مجموعی بینک وار پوزیشن گذشتہ مالی سال کے دوران کل برآمدی آمدنی کے فیصد کے طور پر دی جائے گی۔ مذکورہ بالا پیرا (ii) کے تحت، مجاز ڈیلر، اس سہ ماہی کے اختتام کی تاریخ، جس سے سرٹیفکیٹ کا تعلق ہے، کے بعد والی سہ ماہی میں اس سرٹیفکیٹ کو استعمال کرتے ہوئے برآمدی سامان کی مالیت کا تعین کریں گے۔

iv برآمد کنندہ کی برآمدی کارکردگی کا تعین کرنے کے لیے مجاز ڈیلر دیگر مجاز ڈیلرز کے برآمدی کارکردگی کے سرٹیفکیٹ کو قبول کرسکتا ہے جو برآمد کنندہ کو گذشتہ تین مالی سالوں کے دوران حاصل ہوئے تھے۔

v مجاز ڈیلر برآمد کنندہ سے ایک اقرار نامہ لے گا کہ اس طرح کی برآمدات کے حوالے سے برآمدی آمدنی مقررہ مدت کے مطابق وصول کی جائے گی۔ مزید برآں، مجاز ڈیلر، ان ترسیلات کے حوالے سے برآمدی آمدنی کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے اپنی صوابدید پر ادارے / کمپنی کے ڈائریکٹر / اسپانسر کی ذاتی ضمانت بھی لے سکتا ہے۔

vi فارم -ای / ای ایف ای کی تصدیق سے قبل مجاز ڈیلر ایک قانونی معاہدہ / پروفورما انوائس حاصل کرے گا اور بیرون ملک درآمد کنندگان / سامان اٹھانے والوں کے بارے میں اطمینان کرلے گا۔ مزید یہ کہ مجاز ڈیلر شپمنٹ کی تاریخ سے 10 ایام کار کے اندر ترسیل (شپنگ) کی دستاویزات (الیکٹرانک یا دستی طور پر) بھی حاصل کرے گا۔

vii مجاز ڈیلر برآمد کنندہ کے سامان کی ترسیلات کی نگرانی کرے گا اور مقررہ میعاد کے اندر ان کے بدلے میں برآمدی آمدنی کے حصول کو یقینی بنائے گا۔ مقررہ مدت کے اندر عدم وصولی کی صورت میں قابلِ اطلاق ہدایات کے مطابق شعبہ امورِ زرِ مبادلہ، ایس بی پی بی ایس سی کو اس معاملے کی رپورٹ کی جائے گی۔

viii برآمد کنندہ کے غیر تسلی بخش رویے یا برآمدی واجبات کی مجوزہ حد، جو اوپر (ii) میں بیان کی گئی ہے، سے بڑھنے کی صورت میں مجاز ڈیلر برآمد کنندہ کو مذکورہ بالا سہولت کی فراہمی منقطع کردیں گے۔

3۔ اس موضوع پر دیگر تمام شرائط و ضوابط اور ہدایات لاگو رہیں گی۔

4۔ مجاز ڈیلرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ بالا ہدایات کو تمام متعلقین کے علم میں لائیں اور درج بالا نیز اس موضوع پر دیگر متعلقہ ہدایات پر من و عن عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

منسلکات :

ضمیمہ وی– 12اے

ضمیمہ وی– 12بی

آپ کا مخلص،

(ارشد محمود بھٹی)

ڈائریکٹر